9954 ـ گرہن كى نماز كے ليے " الصلاۃ جامعۃ " كے الفاظ كے ساتھ اعلان كرنا

سوال

حديث ميں وارد ہے كہ گرہن كى نماز كے ليے " الصلاۃ جامعۃ " كے الفاظ سے اعلان كيا جاتا تھا، تو كيا يہ ايك بار كہا جائيگا؟ يا كہ اس ميں تكرار مشروع ہے، اور تكرار كى مقدار كيا ہے، ہميں فتوى ديكر عند اللہ ماجور ہوں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

ثابت ہے كہ نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے گرہن كى نماز كے ليے " الصلاۃ جامعۃ " كے الفاظ كے ساتھ اعلان كرنے كا حكم ديا، اسے بخارى اور مسلم نے روايت كيا ہے.

اور اعلان كرنے والے كے ليے سنت يہ ہے كہ وہ اعلان تكرار كے ساتھ كرے حتى كہ اس كا خيال ہو كہ لوگوں نے اسے سن ليا ہے، ہمارے علم كے مطابق تو اس ميں كوئى حد مقرر نہيں.

اللہ تعالى ہى توفيق نصيب كرنے والا ہے.